# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

**نو مئی کے فالس فلیگ آپریشن پر ریاستی، حکومتی اور نیم مردہ سیاسی ٹولے کی جھوٹی پراپیگنڈہ مہم پر پاکستان تحریک انصاف کا ردعمل**

دستور، قانون اور جمہوریت کی لاشیں بچھانے والے ایک سال بعد بھی 9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کی اوٹ میں اپنے مکروہ چہرے چھپانے کیلئے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کے سارے حقیقی کردار اور اس کے محرکات آج قوم کے سامنے عیاں ہیں، ان کا محاسبہ باقی ہے،

9 مئی کے انہی حقیقی مجرموں کی کھال بچانے کیلئے دستور کی دھجیاں اڑا کر 8 فروری کو عوام کے مینڈیٹ پر کھلا ڈاکہ ڈالا گیا اور اقتدار چوروں کے سپرد کیا گیا، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی کو اپنی آمریت کے دوام کے ایک وسیلے کے طور پر استعمال کرنے والے آج بھی اس فالس فلیگ آپریشن کی اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات سے گریزاں ہیں، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کے منصوبہ ساز آج بھی قوم کو بتانے سے قاصر ہیں کہ کس کے حکم پر جنرل (ر) نذیر بٹ نامی چیئرمین نیب نے عمران خان کو غیر قانونی طور پر اسلام آباد ہائیکورٹ سے نیم فوجی دستوں کے ذریعے اغوا کروایا، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی کے حقیقی ذمہ دار آج بھی قوم سے چھپا رہے ہیں کہ کس نے عمران خان کے تضحیک آمیز اغوا کے مناظر کنٹرولڈ میڈیا پر گھنٹوں نشر کروائے، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کے حقیقی منصوبہ ساز ایک سال بعد بھی قوم کو نہیں بتا رہے کہ عمران خان کو اغوا کرتے ہی کس کے حکم پر ہائیکورٹ کی سی سی ٹی وی فوٹیج چوری کروائی گئی، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی کے مجرم قوم کو یہ بھی نہیں بتا رہے کہ عمران خان کو اغوا کرواتے ہی کس کے حکم پر لاہور میں کور کمانڈر ہاؤس اور ملحقہ علاقوں کی سیکورٹی پر مامور سینکڑوں فوجی، نیم فوجی اور پولیس اہلکاروں کو ہٹا لیا گیا، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی کے منصوبہ ساز قوم کو یہ بھی نہیں بتا رہے کہ سول کپڑوں میں ملبوس شرپسندوں کو کس نے فوجی گاڑیوں میں بٹھا کر پرامن مظاہرین کی صفوں میں داخل کیا جس کے مناظر پوری دنیا نے دیکھے، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی کے اصل مجرم آج بھی قوم کو نہیں بتا رہے کہ کس کے حکم پر نہتے پرامن شہریوں پر گولیاں برسائی گئیں اور درجنوں بے گناہ پاکستانی زخمی، اپاہج اور شہید کئے گئے، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کے یہی منصوبہ ساز ایک سال بعد بھی قوم کو نہیں بتا رہے کہ عمران خان کے اغوا کے فوراً بعد کیسے ملک بھر سے دس ہزار سے زائد سیاسی کارکنوں کو آناً فاناً اٹھا لیا گیا، ترجمان تحریک انصاف

# Pakistan Tehreek-e-Insaf

## Central Media Department

9 مئی کے یہی حقیقی مجرم اس سوال کا جواب بھی نہیں دے رہے کہ کیسے بغیر کسی تحقیق اور عدالتی کارروائی کے کس کے حکم پر پورے ملک میں تحریک انصاف کے رہنماؤں اور کارکنوں کے گھروں میں توڑ پھوڑ کی گئی جو آج بھی جاری ہے،

9 مئی کے یہ ذمہ دار آج بھی قوم کو نہیں بتا رہے کہ کس کے حکم پر 9 مئی کو تحریک انصاف کو کچلنے کے ایک بھونڈے جواز کے طور پر استعمال کرنے کی مکروہ ریاستی کوشش کی گئی، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کے یہ منصوبہ ساز آج بھی جواب نہیں دے رہے کہ کس کے حکم پر ملک میں جبری طلاقوں کے مکروہ سلسلے کا آغاز کیا گیا، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی کے یہ مجرم آج بھی قوم کو بتانے میں ناکام ہیں کہ تحریک انصاف سے الگ ہو کر استحکام نامی سیاسی اصطبل کا حصہ بننے والے 9 مئی کے مبیّنہ مرکزی ملزمان کے گناہ پریس کلب کی کرسی پر بیٹھتے یا کیمرے کے سامنے آتے ہی کیسے دُھل گئے،

9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کے حقیقی ذمہ دار قوم کو نہیں بتا رہے کہ جھوٹے سیاسی مقدمات میں غیر قانونی فیصلوں کے حصول کیلئے کس کے حکم پر خفیہ ایجنسیوں کو ججوں کی خوابگاہوں میں خفیہ کیمرے لگا کر عدالتوں

کو نکیل ڈالنے کی کوشش کی گئی، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی ایک فالس فلیگ آپریشن تھا، ہے اور رہے گا جبکہ اس کے منصوبہ سازوں کے ہاتھ معصوموں کے خون اور دستور و قانون کے قتل میں لتھڑے ہوئے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان تحریک انصاف ایک سال سے خصوصاً ننگے جبر، فسطائیت اور بدمعاشی کا نشانہ بننے کے باوجود 9 مئی کی آزادانہ، غیر جانبدارانہ اور اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات کے بنیادی مطالبے پر کھڑی ہے، ترجمان تحریک انصاف

ساکھ اور کردار سے محروم ریاستی و حکومتی فیصلہ سازوں اور ان کے بدکردار سیاسی گماشتوں میں ہمت اور حیا ہے تو 9 مئی کے حوالے سے خطبے دینے، بیانات داغنے اور مضحکہ خیز پریس کانفرنسز کرنے کی بجائے قوم کے سوالات کے جوابات دیں،

ننگی بدمعاشی اور دھونس سے ایک سال میں جھوٹ کو سچ بنایا جا سکا نہ آئندہ ایک سو سال میں بھی بنایا جا سکے گا،

پاکستان تحریک انصاف 9 مئی کو ریاستی بدمعاشوں کی گولیوں کا نشانہ بننے والے نہتے اور معصوم شہداء اور ان کے اہلِ خانہ سے یکجہتی کا اظہار کرتے اور عدالتوں سے ان کیلئے انصاف و قصاص کا مطالبہ کرتے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ